# بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن، کراچی

سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ ایگزامینیشن ۲۰۲۳ء (سالانہ)

## نیو ماڈل پیپر

## اُردو نارمل کورس (لازمی)

وقت: ۳ گھنٹے | جماعت نہم۔ (جنرل گروپ) | کل نشانات: ۷۵

ریگولر و پرائیویٹ امیدواروں کے لیے

### حصّہ "الف" (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) 20% (نشانات ۱۵)

حصہ الف: سوال نمبر ا۔ ۱۵ کثیر الانتخابی سوالات پر مشتمل ہے جو تمام سلیبس سے دیئے جائیں گے۔ ہر سوال کا ایک (01) نمبر ہے۔

### حصّہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات) 40% (نشانات: ۳۰)

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے :- (۶)

(i) حضور اکرم ﷺ کے اخلاق کے بارے میں حضرت ہند بن ابی ہالہؓ کیا فرماتے ہیں؟

(ii) امید ہماری زندگی میں کیا کیا تبدیلی لاسکتی ہے؟

(iii) کانگریس کا اصل مقصد کیا تھا اور مسلم لیگ کا قیام کیوں عمل میں آیا؟

(iv) دنیا کی سب سے اہم لائبریری میں کیا کیا شاہ کار موجود ہیں؟

(v) بیرنگ خط سے کیا مراد ہے؟

۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا مرکزی خیال۔۔یا۔۔ خلاصہ مصنف کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

(الف) شہید (ب) بوڑھی کاکی

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ ۔۔یا۔۔ مرکزی خیال شاعر کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

(الف) جیوے جیوے پاکستان (ب) برسات کا تماشا

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے دو شعری اصطلاحات کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ (۶)

مجاز مرسل، تخلص، ردیف، شعر، ۔۔۔۔یا۔۔۔۔

مندرجہ ذیل میں سے دو اصناف ادب کی تعریف تحریر کیجیے۔

سفر نامہ، قومی شاعری، مرثیہ، لوک کہانی،

۶۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ (۴)

جملہ فعلیہ، اسمِ مکبر، مرکب تام، مبتدا اور خبر، (یا)

مندرجہ ذیل سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک لفظ بنایئے۔

غیر، زار، لا، گاہ،

(ب) درج ذیل میں سے چار الفاظ و محاورات اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ (۴)

دور افتادہ، درد کی دوا، ناک کٹوانا، محنت کا پھل، سبز باغ دکھانا، اطراف و جوانب،

## حصّہ "ج" (بیانیہ جواب کے سوالات) 40% (نشانات: ۳۰)

۷۔ سیاق وسباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح سلیس اور بامحاورہ زبان میں کیجیے۔ (۸)

تیرے ہی شاداب اور سرسبز باغ سے ہر ایک محبت کا پھل ملتا ہے۔ تیرے ہی پاس ہر درد کی دوا ہے۔ تجھی سے ہر ایک رنج میں آسودگی ہے۔ عقل کے درمیان جنگلوں میں بھٹکتے بھٹکتے تھکا ہوا مسافر تیرے ہی گھنے باغ کے سرسبز درختوں کے سائے کو ڈھونڈتا ہے۔ وہاں کی ٹھنڈی ہوا، خوش الحان جانوروں کے راگ، بہتی نہروں کی لہریں اس کے دل کو راحت دیتی ہیں۔

---یا---

سیاق وسباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو جملوں کی تشریح کیجیے۔

(i) دنیا کا دستور ہے کہ کوئی فرد بشر رنج سے خالی نہیں۔
(ii) اسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔
(iii) ایک انسان کی آنکھ اُن نظاروں کا مشاہدہ کرتی ہے جو ڈپٹی کمشنر کی آنکھ کو نصیب نہیں ہوتا۔
(iv) دنیا میں قومیت کی تشکیل کی دو بنیادیں ہیں۔

۸۔ اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے جس میں شجر کاری کی اہمیت کے بارے میں بتائیے۔ (۶)

---یا---

کسی اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ تحریر کیجیے جس میں صفائی کی ناقص صورت حال کی طرف اعلیٰ حکام کی توجہ دلاتے ہوئے تجاویز دیجیے۔

۹۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح شاعر کے مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے: (۶)

(i) جَبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی — حقِ بندگی ہم ادا کر چلے
(ii) طلب میری بہت کچھ ہے مگر کیا — کرم تیرا ہے اِک دریا عطا کا
(iii) جلا ہے جسم جہاں دل بھی جل گیا ہوگا — کُریدتے ہو جو اَب راکھ جستجو کیا ہے
(iv) جب تک انساں پاک طِینَت ہی نہیں — عِلم وحِکمت، عِلم وحکمت ہی نہیں

--یا--

نظم کے عنوان اور شاعر کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل جُز کی تشریح کیجیے:

کوسَوں کسی شجر میں نہ گُل تھے نہ بَرگ وبَار — ایک ایک نَخل جل رہا تھا صورتِ چِنار
ہنستا تھا کوئی گُل نہ مہکتا تھا سبزہ زار — کانٹا ہوئی تھی پھولوں کی ہر شاخِ باردار
گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے
پتّے بھی مثلِ چہرۂ مدقُوق زرد تھے

**۱۰۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے:** **(۱۰)**

(i) پاکستان کے موجودہ مسائل اور طلبہ کی ذمّے داریاں

(ii) کتب خانوں کی اہمیت وافادیت

(iii) ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ

یا

ڈپٹی نذیر احمد ۔۔یا۔۔ حسرت موہانی میں سے کسی ایک شخصیت کے حالات زندگی اور ادبی کارناموں کا ذکر کیجیے۔

---

بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کراچی